بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے ایس/۲/۲۰۱۸ مورخہ 03 مئی ۲۰۲۱ء

بجانب:۔

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۱۰۸**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۹ اپریل ۲۰۲۱ء میں ایوان سے پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۱۰۸ منجانب میر زابد علی ریکی، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

﴿قرارداد﴾

ہرگاہ کہ بلوچستان جو رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا اور پسماندہ صوبہ ہے کی آبادی منتشر اور دور دراز علاقوں تک پھیلی ہوئی ہے میں تا حال پی ڈی ایم اے کے ذیلی دفاتر/سنٹرز کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا ہے اس لیے قدرتی آفات اور حادثات رونما ہونے کی صورت میں لوگوں کو ایک بڑے پیمانے پر مالی و جانی نقصانات اُٹھانا پڑتے ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر صوبہ کے تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز اور تحصیل کی سطح پر بالعموم اور ضلع واشک میں بالخصوص پی ڈی ایم اے کے ذیلی دفاتر/سنٹرز کے قیام کو یقینی بنائے تاکہ کسی بھی آفت اور ہنگامی صورتحال میں لوگوں کی مدد اور دادرسی کی جاسکے۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

۱) میر زابد علی ریکی، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی / محرک قرارداد
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے، بلوچستان، کوئٹہ۔
۴) جناب سیکرٹری برائے اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۵) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

03/05/2021

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner